QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 186

کوئٹہ: 23 جنوری 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے تمام صارفین کو بجلی فراہمی کے سلسلے میں جدید ٹیکنالوجی کے مطابق مزید بہتر سہولیات کو یقینی بنانے کیلئے متعدد اقدامات کر رہی ہے۔اس سلسلے میں صارفین کو بجلی کے نئے کنکشن کے حصول کیلئے آن لائن نظام کا طریقہ کار شروع کیا گیا ہے۔جس میں صارف آن لائن پورٹل کے زریعے اب گھر بیٹھے بجلی کے نئے کنکشن کیلئے الیکٹریسٹی نیو کنکشن ENC ویب سائٹ www.enc.com.pk کے ساتھ ساتھ کیسکو آفیشل ویب سائٹ www.qesco.com.pk پر ملاحظہ فرمائیں اور نیو کنکشن پر کلک کر کے درخواست دے سکتے ہیں۔صارفین کی سہولت کیلئے نئے کنکشن کا طریقہ کار کو مزید آسان بنانے کیلئے ویب سائٹ پر موجود معلومات اُردو اور انگریزی دونوں زبان میں موجود ہیں۔صارف نئے کنکشن کے حصول کیلئے ویب سائٹ پر موجود معلومات کا مطالعہ کرنے کے بعد اپنا متعلقہ ضروری دستاویزات اور کاغذات اسکین کر کے اپ لوڈ کر دیں۔جس کے بعد کمپنی متعلقہ درخواست برائے کنکشن کا حصول پر ضروری کارروائی شروع کر کے سائٹ سروے یعنی متعلقہ جگہ کا معائنہ کرے گی اور تمام ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد متعلقہ سب ڈویژن صارف کی درخواست منظور کر لے گا اور پھر درخواست کی منظوری کے بعد کنکشن کی تنصیب کا عمل کم سے کم وقت میں مکمل کر لیا جائے گا۔تاہم صارفین کے نامکمل درخواست پر کوئی کارروائی نہیں ہوگی۔علاوہ ازیں جعلی کاغذات جمع کرانے کی صورت میں درخواست دہندہ/مالک کیخلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔علاوہ ازیں اس نئے آن لائن نظام کے تحت صارفین کیلئے بجلی کے بل میں نام کی تبدیلی اور لوڈ میں اضافہ یا کمی کے طریقہ کار بھی ویب سائٹ پر موجود ہے۔صارفین اپنی دہلیز پر جدید سہولیات کی فراہمی اور بجلی کنکشن کے حصول کے لئے کیسکو کے آن لائن اقدامات سے فائدہ اُٹھائیں اور نئے کنکشن کے حصول کیلئے الیکٹریسٹی نیو کنکشن ENC ویب سائٹ www.enc.com.pk اور کیسکو ویب سائٹ www.qesco.com.pk وزٹ کریں۔

نمبر: کیسکو پی آر 187 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 23 جنوری 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبے نصب کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں **24 جنوری (بروز ہفتہ)** جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی، عالم خان، ملک پلانٹ، شہباز ٹاون، مالک فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ائیر پورٹ روڈ، ادیان، تکاتو، چشمہ، عمر، دوستین اور ادیان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی۔اسکے علاوہ **24 جنوری اور 25 جنوری کو (روزانہ)** سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv نیو جان محمد اور اولڈ جان محمد فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسی طرح **25 جنوری (بروز اتوار)** کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv اسٹیڈیم فیڈر جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے بی ایم سی، سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، سمنگلی ایکسپریس، انڈسٹریل، ہزارہ ٹاون، سرکی روڈ، خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، غازی، ہزارہ ٹاون، نیو جان محمد اور اولڈ جان محمد فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی۔**علاوہ ازیں 26 جنوری کو (بروز پیر)** سریاب گرڈ اسٹیشن کے جائنٹ روڈ، خیر بخش مری، اولڈ لیاقت بازار، غازی، ہزارہ ٹاون، اولڈ جان محمد نیو جان محمد فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے سورج گنج بازار فیڈر سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی۔علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کاموں اور برقی تنصیبات کی ضروری ٹیسٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 24 جنوری (بروز ہفتہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے سمنگلی ایکسپریس، چلتن، سریاب ٹو، جان محمد، دلدار کاریز، نیو جان محمد، اولڈ لیاقت بازار فیڈرز صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 25 جنوری (بروز اتوار) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی اے ایف، گارڈن ٹاون، عمر، جبل نور، آریا ہسپتال، سی ٹی ایس، تکاتو، اغبرگ، خروٹ آباد، بلیلی، واپڈا ہسپتال فیڈرز صبح 10 بجے تا شام 4 بجے جبکہ اُسی روز مری